Submission of E-contents

1. Name: DR. MD. ZEYAUR RAHMAN,
2. Designation: Associate professor,
3. Department/College: URDU/ S. Sinha College, Aurangabad
4. Subject: URDU
5. Course Type : (UG/PG/UG Vocational Courses/PG Vocational Courses/Medical/Para-Medical/LAw/Technical/ Educational/ Diploma) write anyone : P.G
6. Course (B.A/B.Sc/B.Com/M.A./M.Sc/M.Com) write anyone :
   M.A, 4th Sem, Paper-14
7. Title/Heading of e-content : HIND ISLAMI SAQAFAT KI TAFHEEM
8. Image to be displayed with e-content (1125x750 in jpg or png only): drive link
9. PDF of e-content (in . pdf and < 10Mb) : drive link
10. URL from YouTube Video of e-content:
11. Whatsapp Number * 9431632576

NOTE: In Sr.No.9 &10, One must be filled.

Fill and send to munodalgaya@gmail.com

26-08-2020

ہند اسلامی ثقافت کی تفہیم

M.A. 4th Sem, Paper-14

مسلمانوں کی آمد ہندوستان میں جس حیثیت سے بھی ہوئی ہو، لیکن انہیں اپنے مستقبل کے متعلق منصوبہ کرنے میں کچھ دیر نہ لگی۔ انہوں نے اس سرزمین کو اپنا ٹھکانہ بنایا اور اس ملک کی ہوا، زبان اور تہذیب انہیں ایسی بھائی کہ کچھ دنوں کے بعد ملک کے اصلی باشندوں اور ان کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو گیا۔ مسلمان اور خاص طور پر عرب جہاں گئے اپنی تہذیب اور اپنی زبان ساتھ لیتے گئے۔ آج مصر، شام اور شمالی افریقہ کی اصلی زبانیں معدوم ہیں اور یہ ملک عرب کا ایک ٹکڑا نظر آتے ہیں۔

لیکن ہندوستان میں مسلمانوں کی حالت اس سے بالکل مختلف ہوئی۔ پہلی بات تو یہ کہ یہاں عرب بہت کم آئے۔ مالابار کے ساحلوں پر عرب ظہور اسلام سے بیشتر آیا کرتے تھے۔ ان کی ایک نو آبادی وہاں ضرور قائم ہوگئی لیکن ان کے اثرات ساحلی مقامات سے آگے نہ بڑھ سکے۔ اور خود ان نو آبادیوں کی زبان بھی عرب تاجروں کے میل جول سے ایک مخلوط ملیالم کی صورت میں تبدیل ہوگئی۔ مسلمانوں کے آنے کا دوسرا راستہ سندھ کا علاقہ ہے اور ٹھیک طور پر سب سے پہلے اسی مقام پر عربی اور ہندی تہذیب کا آمنا سامنا ہوا۔ یہاں بھی عربوں نے قبضہ کرنے میں دیر نہ کی۔ انہوں نے فوراً بدھ مذہب کی طاقت کو توڑ کر برہمنی مذہب اور ویدک تہذیب کے لیے راستہ صاف کیا اور یہ واقعہ ہے کہ اگر مسلمانوں کی امداد نہ ہوتی تو ویدک تہذیب کو بعد کی صدیوں میں یہ عروج حاصل نہ ہوتا اور نہ ہندوستان ایک وحدت کی شکل اختیار کر سکتا۔ سندھ ہی کا علاقہ وہ مقام ہے جہاں سب سے پہلے ایک مشترک تہذیب اور مشترک زبان کا پودا پروان چڑھتا ہوا نظر آتا ہے۔ اس حقیقت کی تصدیق عرب سیاحوں کے بیانات سے ہوتی ہے خاص کر مسعودی، ابن حوقل، مقدسی، [illegible]

صدی ہجری کے سیاحوں کی کتابوں میں اس کی کافی شہادتیں ملتی ہیں۔

اس طرح سندھ میں تو عرب و ہندی تمدن کا مقابلہ تھا۔ اس لیے پلہ برابر رہا۔ فریقین ایک دوسرے سے متاثر ہوئے۔ ہندوستان سے علما و پنڈت بغداد گئے جہاں انہوں نے علمی کتابوں کے ترجمے میں مدد دی۔ ایک جرمن مستشرق ڈی بوئر لکھتا ہے:

"عرب ہندوستان کو دانائی کا صحیح سرچشمہ سمجھتے تھے۔ عرب مصنفین کی تحریروں سے یہ نظریہ واضح ہوتا ہے کہ یہ فلسفے کا مولد ہے۔ پر امن تجارت کے ذریعے جس میں اہل عرب ہندوستان اور دیگر ممالک کے درمیان واسطہ تھے اور زمانۂ مابعد میں اسلامی فتوحات کے ذریعے ہندوستانی علم دور تک پھیلا۔ سنسکرت کے بہت سے اخلاق اور سیاسی علوم امثال کے ساتھ پہلوی سے عربی میں ترجمہ ہوئے۔ ہندوستان کے قصص و حکایت سے لے گئے۔ "پنچ تنتر" کی کہانیاں ... دنیائے اسلام میں ... ہندوستان کے علوم ریاضی اور نجوم نے عملی طب اور ... جبکہ جوتش ... اس طرح سندھ میں غیر مذہبی علوم کے آغاز کی داغ بیل ڈالی۔"

اس طرح سندھ میں ہی عرب کے بڑے بڑے شعرا و محدثین پیدا ہوئے۔ دوسری بات اصلی تہذیب کا مقابلہ کر سکے اس طرح مہاجر مسلمانوں نے بہت جلد اس سرزمین کو اپنا گہوارہ بنایا۔ شروع شروع میں وہاں کی تہذیب و تمدن پر گہرا اثر ڈال سکے بعد میں وہ خود بھی متاثر ہو گئے۔ ان کے پاس خود عرب کے علاوہ کوئی جاندار تمدن نہ تھا جو ہندوستان کی خالص ... اور طریقہ حکومت پر چند مقامی حالات سے متاثر ہوئی۔ گویا نسلیں بالکل مخلوط ہو گئیں اور تو اور دین بھی ... مسئلہ توحید و عبادات سے متاثر ہوا، ... ان کا رہن سہن زبان میں رنگ گئے۔

اس طرح اسلامی تہذیب ہندوستان آکر اپنا رنگ قائم نہ رکھ سکی، ان دونوں کے میل سے ایک تیسری تہذیب نے جنم لیا جسے ہم اسلامی تمدن ہند یا انڈو مسلم کلچر یا ہند اسلامی ثقافت کہا جا سکتا ہے۔ ... اور دوسرے مذہبی تیوہار بھی رنگ ... روپ قائم نہ رکھ سکی ... ہندو تہذیب میں اپنا قریب ... کہہ سکتے ہیں یا دوسرے لفظوں میں یہ

DR. MD. ZEYAUR RAHMAN
Associate professor,
Deptt. of Urdu, S. Sinha college, Aurangabad
Course: M.A. 4th sem, Paper-14
Title/Heading of E-Content: HIND ISLAMI SAQAFAT KI TASHKEEL
Whats app No. 9431632576